خواص - ملائم - عنقریب - بے رنگ بے بو بے مزہ سفوف ہوتا ہے - گرم کرنے پر زرد ہو جاتا ہے +

فائدے اور استعمال - خارجی - اسٹرنجنٹ - اور ڈیسی کنٹ ہے - چھلے ہوئے السروں اور چھلی ہوئی جگہ پر لگاتے ہیں +

طریق استعمال - سفوف یا مرہم کی صورت میں استعمال کرتے ہیں +

سلفیٹ آف زنک یا سفید طوطیا

اس کو زنک سلفاس اور سفید وٹیبز بل بھی کہتے ہیں +

ترکیب -

گرینولیٹڈ زنک یا دانہ دار جست	۱۶ - اونس
سلفیورک ایسڈ	۱۲ - اونس
ڈسٹلڈ واٹر	۴ - پائنٹ
سلوشن آف کلورائین	حسب ضرورت
کاربونیٹ آف زنک	½ اونس یا حسب ضرورت

لے کر تیار کرتے ہیں +

خواص - بے رنگ شفاف منشوری اور مثل ایپسم سالٹ کے قلمیں ہوتی ہیں - جن کا دھاتی اسٹرنجنٹ - ذائقہ ہوتا ہے - پانی میں حل ہو جاتا ہے +

فائدے اور استعمال - داخلی - زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ - زہر - اور طبی خوراکوں میں اسٹرنجنٹ اور ٹانک ہے - جب خوک یا کتوں کو زیادہ مقدار میں دیں تو قے لاتا ہے - اس واسطے - ایمیٹک ہے - خارجی استعمال - اسٹرنجنٹ - محرک - نرم اس کے راٹک اور ڈیسی کنٹ ہے - جب اس کو زخموں پر لگاتے ہیں ناسوروں اور گوئیٹر میں پچکاری کرتے ہیں +

خوراک - بطور ٹانک +

گھوڑا	۱ سے ۲ - ڈرام
مویشی	۲ سے ۳ - ڈرام

بھیڑ ———————— ۲۰ سے ۳۰ گرین

خوک ———————— ۱۰ سے ۲۰ - گرین

کتا ———————— ۲ سے ۵ - گرین

خوراک - بطور ایمے ٹک +

خوک ———————— ۳۰ سے ۵۰ گرین

کتا ———————— ۸ سے ۱۵ گرین

طریق استعمال - داخلی طور پر ٹانک فائدہ کے لئے بولس بنا کر یا پانی میں گھول کر دیتے ہیں اور ایمے ٹک فائدہ کے لئے گرم پانی میں گھول کر دیتے ہیں - خارجی استعمال - سفوف کی صورت میں یا پانی میں حل کر کے استعمال کرتے ہیں +

مانع استعمال - الکلی اور ان کے کاربونیٹ - لائم واٹر - ایسیٹیٹ آف لڈ - نائیٹریٹ آف سلور - اسٹرنجنٹ - ویجی ٹیبل انفیوژن اور دودھ کے ساتھ ملا کر دینا منع ہے +

انٹی ڈوٹ - فاد زہر - جہاں ممکن ہو - گرم ڈیکل سنٹ پلائیں اور زہر کو قے کرا کر نکال دیں - اس سے زنک کاربوناس تیار کیا جاتا ہے +

گیرینولے ٹڈ زنک

تجارتی زنک کو پگلا کر ایک ایسے برتن میں جس میں دو گیلن ٹھنڈا پانی ہو ڈال دیتے ہیں - گیرینولے ٹڈ زنک پانی سے نکال کر خشک کر لیتے ہیں +

اس سے مفصلہ ذیل اشیا تیار ہوتی ہیں +

۱ - لائیکوار زنک کلورائیڈ +

۲ - زنک کلورائیڈ +

۳ - زنک سلفاس +

جنجر یا زنجبیل یا سونٹھ یا ادرک

ادرک کا درخت ہندوستان میں کثرت سے پیدا ہوتا ہے - ادرک جب سوکھ جاتا ہے - تب اسے

جنجر یا سونٹھ کہتے ہیں +

خواص۔ چپٹی اور گرہ دار ٹیڑھی۔ ترچھی ۲ سے ۴۔ انچ لمبی باہر کی طرف پیلی زرد یا آ
اور ریشہ دار ہوتی ہے۔ توڑنے پر نرم اور قدرے آٹے کیسی شکست سے ٹوٹتی ہے۔ بو تیز خوشگوار
اور مزہ گرم ہوتا ہے +

اثر و استعمال۔ اسٹی میولنٹ۔ اسٹی ماک۔ کارمے نیٹو۔ اور ٹانک ہے۔ فلیچولینٹ کالک
اور معدے اور امعا کے ضعف میں دیتے ہیں۔ نیز مسہل میں ان کا اثر تیز کرنے کے لئے
اور مروڑ رفع کرنے کیلئے ملاتے ہیں +

خوراک۔

گھوڑا	۲ سے ۴۔ ڈرام
مویشی	۲ سے ۶۔ ڈرام
بھیڑ	½ سے ۲۔ ڈرام
خوک	½ سے ایک ڈرام
کتا	۱۰ سے ۲۰ گرین

طریق استعمال۔ بولس یا ٹنکچر جنجر کی صورت میں استعمال کرتے ہیں +

مفصلہ ذیل اشیاء اس سے تیار ہوتی ہیں +

۱۔ ایلوز ماس +

۲۔ سرپ ریٹنائی +

۳۔ ٹنکچر جنجر +

فائی سس ٹگمین یا ایسریں

ترکیب۔ یہ کیلابار بین کے الکوحال والے ایکسٹریکٹ کو پانی میں حل کرنے سے حاصل ہوتی
ہے۔ اور سوڈیم بائی کاربونیٹ ڈال کر ایتھر سے مکسچر کو ملاتے ہیں۔ اور ایتھر والے سیال کو
اڑا دیتے ہیں +

خواص - یہ ایک الکلائیڈ جوہر ہے - جو تقریباً بے رنگ یا گلابی رنگ کی قلموں میں ملتا ہے - پانیمیں قدرے حل ہو جاتا ہے - لیکن الکوحال اور ڈائیلوٹ ایسڈوں میں آسانی سے حل ہو جاتا ہے +

فائدہ اور استعمال - ہیپوڈرمک انجکشن یا زیر جلد پچکاری کے لئے سلفیٹ یا بائی سلفیٹ ایسرین استعمال کرتے ہیں - کیونکہ یہ عرصہ تک پڑا رہنے سے خراب نہیں ہوتے اُن کے فوائد اور اثر مثل نیسا سٹگ مین یا کیلا بار بین کے ہیں +

خوراک -

گھوڑا	۲ سے ۳ - گرین
کتا	⅟۶۰ سے ⅟۱۰ گرین

اور انجکشن کے لئے اس سے نصف استعمال کرتے ہیں +

ایکسٹریکٹ آف کیلا بار بین

ترکیب - کیلا بار بین	ایک پونڈ
ریکٹیفائیڈ اسپرٹ	۴ - پائنٹ

سے کر تیار کرتے ہیں +

اس سے ایسیرین یا فائی سس ٹگمین تیار کرتے ہیں +

فائدہ اور استعمال - دیکھو بیان فائی سس ٹگمیں یا کیلا بار بین +

ہدایت نامہ تھراپیوٹکس

چپکنے والی

یہ وہ دوائیں ہیں - جو کہ زخموں کے کناروں کو باہم ملا دیتی ہیں - مثلاً -

کلوڈیم +

کلوڈیم فلکسبل +
ٹوچ پلاسٹر +

الٹریٹو ۔ مصفی خون

یہ وہ دوائیں ہیں ۔ جو کہ اعضاؤں کی بیمار حالت اور فعل کو تندرست حالت کی طرف تبدیل کر دیتی ہیں ۔ مثلاً

ارسینوز ایسڈ	آئیوڈین	سلفر سب لی میٹڈ سلفیورس آئیوڈائیڈ
ایسڈ نیٹرو ہیڈرو کلورک ڈائیلوٹ	لائیکوار ارسنی کیلس	ٹنکچر آئیوڈین
نیٹرو ہیڈرو کلوریکم ڈائیلوٹم	کاڈ لیور آئیل	خشک کاربونیٹ آف سوڈا
سلفیوریٹم انٹی منی	پل مرکری وتھ آئرن	مرکری آئینٹمنٹ
انٹی منی ٹارٹریٹم	سلفیوریٹ پوٹاش	کمپونڈ مرکری آئینٹمنٹ
نائیٹریٹ آف سلور	پوٹاشی آئیوڈائیڈ	مرہم آئیوڈائیڈ روبری
آئیوڈائیڈ آف آئرن	انٹی مونیل پوڈر	مرہم مرکری نائیٹریٹ
پرکلورائیڈ آف مرکری	سوڈی بائی کاربوناس	مرہم آئیوڈین
سب کلورائیڈ آف مرکری	سوڈی کاربوناس	مرہم کمپونڈ آئیوڈین
مرکری وتھ چاک	سوڈیم کلورائیڈ	مرہم سلفیورس آئیوڈائیڈ

انس تھی ٹکس

یہ وہ دوائیں ہیں جن سے درد معلوم نہیں ہوتا ۔ یا جس سے درد دُور ہو جاتا ہے ۔ مثلاً

ایتھر	کلوروفارم	کوکین	سرد پانی اور برف

انوڈاین ۔ دافع درد

یہ وہ دوائیں ہیں ۔ جن سے درد معلوم نہیں ہوتا ۔ یا جس سے درد دور ہو جاتا ہے ۔ مثلاً

ایتھر	لینی منٹ کلورا فارم	ٹنکچر بلاڈونہ
انیا اوپیم	لینی منٹ اوپیم	ٹنکچر کلورا فارم کمپونڈ
ایکسٹریکٹ ایکونائیٹ	اوپیم	ٹنکچر ہائیوسائی مس
ایکسٹریکٹ ہائیوسائی مس	اسپرٹ ایتھر	ٹنکچر اوپیم
ہائیوسائی مس کے پتے	اسپرٹ ایتھر نائیٹروسائی	آئینٹمنٹ ایکونائیٹ
لینی منٹ ایکونائیٹ	اسپرٹ کمفر	آئینٹمنٹ گالس
لینی منٹ بلاڈونہ	اسپرٹ کلورا فارم	گال آئینٹمنٹ وتھ اوپیم
لینی منٹ کمفر	سرپ پے پی ورس	آئینٹمنٹ ویریٹری
لینی منٹ کلورال ہیڈریٹ	ٹنکچر ایکونائیٹ	

انٹاسڈ - کھار

یہ وہ دوائیں ہیں۔ جو ایسڈوں کو بے تاثیر کر دیتی ہیں۔ مثلاً

ایمونیم کاربونیٹ	لائیکوار کیلس سکرٹیا	ہارڈ سوپ
کیلسیم کاربونیٹ	میگنیشیا	سافٹ سوپ
چونہ	میگنیشیم کاربونیٹ	سوڈیم بائی کاربونیٹ
پری پے اڈ چاک	مسچورا کرٹیا	سوڈیئم کاربونیٹ
لائیکوار ایمونیہ	پوٹاشی بائی کاربونیٹ	اکسی کیٹیا
لائم واٹر	پوٹاشی کاربوناس	اسپرٹ ایمونیا ایرو ماٹک

انٹی امی ٹک - قے کو روکنے والی

یہ وہ دوائیں ہیں۔ جن سے قے بند ہو جاتی ہے۔ یا کم ہو جاتی ہے۔ مثلاً

کاربالک ایسڈ	بسمتھ سب نائیٹراس	میگنیشیا
ہیڈروسیانک ایسڈ	کریازوٹ	میگنیشیم کاربونیٹ

انتھل مینٹک

یہ وہ دوائیں ہیں جو کرموں کو مار دیتی ہیں یا خارج کر دیتی ہیں۔ یا اُن کے پھر پیدا ہونے کو روکتی ہیں۔ مثلاً

ایلوز	اینیما کواشیا	آئیل آف ٹرپن ٹائن
اریکانٹ گیموجھ	اینیما سوڈیم کلورائیڈ	سنٹونین
کتھو	اینیما ٹرپن ٹائن	سوڈیم کلورائیڈ
اینیما ایلوز	فلکس ماس یا میل فرن	
اینیما ایتھر	کمیلا	

انٹی ڈوٹ یا فاد زہر

یہ وہ دوائیں ہیں۔ جو کہ زہریلی دواؤں کے مضر اثر کو روک دیتی ہیں +

انٹی لی تھکس

یہ وہ دوائیں ہیں۔ جو پتھری کو حل کر دیتی ہیں یا پیدا ہی نہیں ہونے دیتیں اور اسی طرح سے پیشاب کے رسوبوں کو حل کر دیتی ہیں۔ مثلاً

ڈائیلیوٹ ہیڈرو کلورک ایسڈ	نائیٹرک ایسڈ ڈائیلیوٹ
نائیٹرو ہیڈرو کلورک ایسڈ ڈائیلیوٹ	

انٹی پیرا سائٹکس

یہ وہ دوائیں ہیں۔ جو پیرا سائیٹ کو تباہ کر دیتی ہیں۔ مثلاً

ارسینوز ایسڈ	سلفورز ایسڈ	لائیکوار کیلسیم کلوریٹیا
کاربالک ایسڈ	ڈیکاکشن ٹوباکو	انسڈ آئیل

ہارڈ سوپ	سب لائیمڈ سلفر	سلفر آئنٹمنٹ
سافٹ سوپ	آئیوڈائیڈ آف سلفر	آئنٹمنٹ سلفر آئیوڈائیڈ
سوڈیئم ارسیناس	آئنٹمنٹ امونی ایٹڈ مرکری	

انٹی پریاڈکس دافع نوبت

یہ وہ دوائیں ہیں۔ جو کہ انٹرمیٹنٹ فیور اور دیگر نوبتی امراض کو روک دیتی ہیں۔ مثلاً

ارسینوز ایسڈ	ڈیکاکشن سنکونہ بارک	پائی پیریا نائیگرم یا سیاہ مرچ
پیل سنکونہ بارک	لائیکوار ارسنی کیلس	کونین سلفیٹ
ریڈ سنکونہ بارک	لائیکوار ارسنک ہیڈروکلورک	سوڈیئم سائی سالیٹ
ییلو سنکونہ بارک	لائیکوار سوڈی ارسینیٹ	

انٹی فلیوجسٹک۔ دافع سوزش

یہ وہ دوائیں ہیں۔ جو سوزش کو کم کر دیتی ہیں۔ دیکھو بیان سیڈیٹو +

انٹی سپٹک۔ دافع سڑانڈ

یہ وہ دوائیں ہیں۔ جو سڑانڈ کو روکتی ہیں۔ یا کم کرتی یا بند کر دیتی ہیں۔ مثلاً

ارسینوز ایسڈ	ییسٹ پولٹس	سلوشن کاربالک ایسڈ
ایسیٹک ایسڈ ڈائیلوٹ	فرمنٹ	سوڈیئم کلورائیڈ
کاربالک ایسڈ	کریازوٹ	زنک کلورائیڈ
سلفیوروز ایسڈ	گلیسیرائن کاربالک ایسڈ	زنک سلفاس

انٹس پازماڈک۔ دافع تشنج

یہ وہ دوائیں ہیں جو عضلات کے سپیزم اور بے قاعدہ سکڑاؤ اور تشنج کو رفع کر دیتی ہیں۔ مثلاً

ایتھر	انیما سافی ٹیڈا	اسپرٹ ایمونیا اروماٹک
اسافی ٹیڈا	انیما ٹوباکو	اسپرٹ ایمونیانی ٹیڈس
بلاڈونہ فولیا	انیما ٹرپن ٹائن	اسپرٹ کلورافارم
کے نے بس انڈیکا	ایکسٹریکٹ آف بلاڈونہ	ٹنکچر اسافی ٹیڈا
کلورال ہیڈریٹ	ایکسٹریکٹ آف ہائیوسائی مس	ٹنکچر بلاڈونہ
کلوروڈین	اپیکاکیوانہ	ٹنکچر کلورافارم کمپونڈ
کلورافارم	اسپرٹ ایتھر	ٹنکچر اوپیم
سلفیٹ آف کاپر	اسپرٹ ایتھر نائیٹروس سائی	بلاڈونہ لینیمنٹ

اسپیرنٹ - ملینات

یہ وہ دوائیں ہیں - جن سے آنتوں پر نرم مسہل کا اثر ہوجاتا ہے دیکھو بیان - لکسی ٹو +

اروماٹک - خوشبودار

یہ وہ دوائیں ہیں - جن میں خوشگوار بو اور ذائقہ ہوتا ہے - مثلاً

انس فروٹ	فیوبی گریک	پیپر نائیگرم
کیروے فروٹ	انفیوژن - ڈیجی ٹیلس	اسپرٹ ایتھر نائیٹروسائی
کسکریلا بارک	سپجوراکیرٹیا	اسپرٹ کلورافارم
کوریانڈریا دھنیا	اولیم مینتھی پپرٹیا	ٹنکچر جنجر
کمن فروٹ	اولیم کیرولوفولائی	
انیما اسافی ٹیڈا	پائی منٹو	

آرٹیریل - سیڈیٹو

یہ وہ دوائیں ہیں جس سے نظام شریانی اور دل کا فعل پست ہوجاتا ہے - مثلاً

اسٹرنجنٹ - قابضات

یہ وہ دوائیں ہیں جو سکیولر ٹشو یا عضلاتی ریشوں کو سکڑاتی ہیں - انسے البیومنیش رطوبات جسم منجمد ہو جاتی ہیں - اور بدن کی رطوبتیں پیدا ہونے سے رک جاتی ہیں +

ایسٹیم	لائیکوار پلمبائی ڈائیلوٹ	اوک بارک
کاربالک ایسڈ اور گیلک ایسڈ	مرہ	سوڈیئم کلورائیڈ
سلفیورک ایسڈ ڈائیلوٹ	پلمبائی ایسی ٹیٹ	ٹنکچر کے ٹی کیو
ٹینک ایسڈ	پلمبائی کاربوناس	ٹنکچر گال
ایلم پھٹکری	لائم یا چونہ	آئینٹمنٹ آف گال وتھ اوپیم
بوراکس	کے ٹی کیو	زنک ایسی ٹیٹ
کیلسیم ہیڈریٹ	پیل کے ٹی کیو	زنک کاربونیٹ
سلفیٹ آف آئرن	کلوروڈائن	زنک اوکسائڈ
گال	پیل سنکونہ بارک	زنک سلفاس
گوسیپئم یا روئی	کریازوٹ	برف
کائینو یا کمرکس	سلفیٹ آف کاپر	اور دیگر سرد ضماد
سلوشن پر کلورائیڈ آف آئرن ٹنکچر	ہیڈریٹ پراوکسائیڈ آف آئرن	

کارمی نے ٹو - دافع ریح

یہ وہ دوائیں ہیں جو اعضائے ہضمیت سے نفخ اور درد کو رفع کرتی ہیں اور درد جاتا رہتا ہے دیکھو بیان ریکس +

کنتھار ٹکس

یہ وہ دوائیں ہیں جو پیرا شالٹک ایکشن کو بڑھاتی ہیں - اور اس ذریعہ سے آنتیں اپنے اندرونی

فضلہ کو خارج کر دیتی ہیں۔ دیکھو بیان لکسی ٹو۔ ڈراسٹک۔ ہیڈروگاگ۔ اور کولوگاگ +

کاسٹکس

یہ وہ دوائیں ہیں۔ جو کہ اُن حصوں کو جن پر لگائی جاتی ہیں۔ کیمیاوی اثر سے مردار کر دیتی ہیں۔ بہت تیز کاسٹک کو اس کے راٹک بولتے ہیں +

گلیشیل ایسی ٹک ایسڈ	کریازوٹ	لائیکوار مرکری پر کلورائیڈ
ارسینوز ایسڈ	سلفیٹ آف کاپر	لائیکوار زنک کلورائیڈ
کاربالک ایسڈ	ریڈ آئیوڈائیڈ آف مرکری	کاسٹک پوٹاش
ہیڈروکلورک ایسڈ	ریڈ مرکری اوکسائڈ	سوڈا کاسٹک
سلفیورک ایسڈ	مرکری پر کلورائیڈ	ٹنکچر پر کلورائیڈ آف آئرن
جلی ہوئی پھٹکڑی	لائیکوار ایمونیا فورٹ	کمپونڈ ٹنکچر آف آیوڈین
نائیٹریٹ آف سلور	لائیکوار انٹی منی کلورائیڈ	زنک
چونہ	لائیکوار پرکلورائیڈ آف آئرن اسٹرانگ	

کولوگاگس

یہ وہ دوائیں ہیں۔ جو کہ لیور یا جگر کی طاقت کو بڑھاتی ہیں اور صفرا کو پیدا کر کے آنتوں میں گراتی ہیں۔ غالباً یہ صفرا کے مثانہ کو خالی کرتی ہیں اور دست آتے ہیں۔ مثلاً

ایلوز	سب کلورائیڈ آف مرکری	مرکری وتھ چاک

کروسیو

دیکھو بیان کاسٹک +

کونٹرا ایری ٹنٹ

دیکھو بیان ایری ٹنٹ +

ڈیمل سنٹ ۔ مزلقات

دیکھو بیان ایمولی انٹ +

ڈی ابس ٹروانٹ

یہ وہ دوائیں ہیں ۔ جو کسی روک یا سدہ کو جسم میں سے خارج کر دیتی ہیں ۔ مثلاً

گمبوجہ	میگنیشیا سلفاس
آئیوڈین	پوٹاشی آئیوڈائیڈ

ڈیوڈورائی زرس

یہ وہ دوائیں ہیں ۔ جو بدبو کو چھپا لیتی ہیں ۔ دیکھو بیان ۔ انٹی سپٹک ۔ اور ڈس انفکٹنٹ +

ڈیسی کنٹ

یہ وہ دوائیں ہیں ۔ جو میوکس ڈسچارج اور السروں اور زخموں کے پیپ والے اخراج کو خشک کر دیتی ہیں +

کیلسیم کاربونیٹ	لائیکوار کیلسیم	آئینٹمنٹ پلمبائی سب ایسی ٹیٹ
کیلسیم ہائیڈراس	میگنیشیم کاربونیٹ	آئینٹمنٹ سلفیوریٹ پوٹاش
کیلسیم اوکسائیڈ یا چونہ	پلمبائی ایسی ٹیٹ	آئینٹمنٹ آف زنک
کے ٹی کیو	پلمبائی سب ایسی ٹیٹ	زنک اوکسائیڈ
پری پے ارڈ چاک	آئینٹمنٹ پلمبائی ایسی ٹیٹ	

ڈایو فوریٹک

یہ وہ دوائیں ہیں جو جلد کے فعل کو بڑھاتی ہیں اور پسینہ آتا ہے ۔ لیکن سوڈاری فک سے کسیقدر کم

ڈس انفکٹنٹ

یہ وہ دوائیں ہیں جو انفکشن مادوں کو تباہ کر کے بے تاثیر کر دیتی ہیں۔ مثلاً

ارسینونا ایسڈ	کیلسیم کلورٹیا	لائیکوار کیلسیم کلورٹیا
کاربالک ایسڈ	لکڑی کا کوئلہ	پوٹاشی پرمنگی نیٹ
نائیٹرک ایسڈ	پلٹس آف کلوری نیٹڈ لائیم	کلورین کا دھواں
سلفیورک ایسڈ	چارکول پلٹس	زنک کلورائیڈ

ڈایوریٹکس یا مدرات

یہ وہ دوائیں ہیں۔ جو پیشاب زیادہ پیدا کرتی اور خارج کرتی ہیں۔ مثلاً

کاپچیکم کی گانٹھیں	برگنڈی پیچ	ایسی ٹیٹ آف سوڈا
کاپچیکم کے بیج	پوٹاشی ایسی ٹیٹ	سوڈا بائی کاربوناس
ڈیجی ٹیلس فولیا	پوٹاشی بائی کاربوناس	سوڈا کاربوناس
ایکسٹریکٹ ڈیجی ٹیلس	پوٹاشیئم کاربونیٹ	اسپرٹ ایتھر نائیٹروسائی
لائیکوار امونیا ایسی ٹیٹ	پوٹاشی کلوراس	ٹنکچر ڈیجی ٹیلس
سلفیٹ آف میگنیشیا	پوٹاشی نائیٹراس	کے نے ڈا ٹرپن ٹائن
ٹرپن ٹائن آئیل	ریزن	

ڈراسٹک پرگے ٹو

تیز پرگے ٹو دواؤں کو ڈراسٹک پرگے ٹو کہتے ہیں۔ جن سے جلد اور وافر فضلہ خارج ہوتا ہے مثلاً

گمبوجہ	ٹرپن آئیل
جلپ	ریمنائی سکس یا بک تھارن جوس
کروٹن آئیل	بکے نے ڈا ٹرپن ٹائین

اکبالکس

یہ وہ دوائیں ہیں۔ جو رحم کو سکیڑتی ہیں۔ اور جو کچھ اُس کے اندر ہو گرجاتا ہے۔ مثلاً

ارگٹ	انفیوژن ارگٹ

ایمے ٹک ۔ مقئی

یہ وہ دوائیں ہیں۔ جو قے لاتی ہیں۔ مثلاً

انٹی منی ٹارٹریٹ	اپیکاک	زنک سلفیٹ
سلفیٹ آف کاپر	زنک ایسی ٹیٹ	

ایمولی انٹ

یہ وہ دوائیں ہیں۔ جو خراشیدہ اور سخت مقام پر لگانے سے خراش کو رفع کرتی ہیں اور حصہ کو نرم کردیتی ہیں۔ یہ صرف باہر لگائی جاتی ہیں اور اگر اندر دی جائیں تو ان کو ڈیمل سنٹ کہتے ہیں۔ مثلاً

گم اکاشیا	کلوڈیئم	السی کے بیج
صاف کی ہوئی چربی	کلوڈیئم فلکسیبل	میوسلیج اکاشیا
البومن انڈہ	گلیسیرین	البوائیل
اشارچ یا نشاستہ	السی کا تیل	تیار کردہ چربی
سیرا فلیوا	السی کا جوشاندہ	

ایپس پسٹک ۔ آبلہ انگیز

یہ وہ دوائیں ہیں جو جلد پر لگانے سے چھالے پیدا کردیتی ہیں۔ مثلاً

ایسٹیم کنتھاریڈیز	کروٹن لینی منٹ
گلیشیل ایسی ٹک ایسڈ	میلابارس یا تیلنی مکھی
کنتھاریڈیز	کنتھرائی ڈیز آئینٹمنٹ
لینی منٹ کنتھاریڈیز	تیلنی مکھی کا مرہم

اسکے راٹکس

دیکھو بیان کاسٹک۔

اکسائی ٹینٹس

دیکھو بیان اسٹی میولنٹ

فیبر بفیوج

یہ وہ دوائیں ہیں۔ جوکہ بخار کی تیزی کو اعتدال پر لاتی ہیں یا رفع کرتی ہیں۔

ہیماٹی نکس

یہ وہ دوائیں ہیں جو خون کے سُرخ کیسوں کی تعداد کو بڑھا دیتی ہیں۔ مثلاً

مجموعہ	ماشیٹ پراوکسائڈ آف آئرن
فیری کاربوناس سکیریٹا یا سویٹ کاربونیٹ آف آئرن	سلفیٹ آف آئرن
آئیوڈائیڈ آف آئرن	بلیک اوکسائڈ آف مینگنیز
	پل آف مرکری اینڈ آئرن

ہیمواسے ٹکس

دیکھو بیان اسٹپٹکس

ہیڈروگاگس

طاقتور کتھارٹک جوکہ امعائی بیوکس ممبرین کی رطوبت کو ترقی دیں۔ہیڈروگاگ کہلاتی ہیں +

ہپناٹکس

دیکھو بیان نارکاٹکس +

اری ٹینٹ

یہ وہ دوائیں ہیں۔جوکہ جلد پر یا دوسری جگہ پر جس جگہ پر لگائی جاویں خراش کرتی ہیں دیکھو
بیان روبی فیشنٹ اپس لپسٹکس اور نسخہ پسچو لینٹس +

لکسی ٹو

نرم کتھارٹک کو لکسی ٹو کہتے ہیں۔مثلاً

ابلوز	لنسیڈ آئیل	روبرب روٹ
جلپ	الیوائیل	سلفیٹ آف سوڈا
میگنیشیا	اولیم ریسنائی ٹیکاسٹرائیل	سلفر سبلائیمڈ
کاربونیٹ آف میگنیشیا	سلفیٹ آف پوٹاش	ٹریکل یا شیرہ
سلفیٹ آف میگنیشیا	بلکتھارن جوس	

لے تھن ٹرپٹکس

دیکھو بیان انٹی لے تھونٹکس +

نارکاٹکس

یہ وہ دوائیں ہیں۔جوکہ درد کو رفع کر دیتی ہیں اور نیند پیدا کرتی ہیں۔مثلاً

کلوروفارم	اوپیم	ٹنکچر اوپیم

نیوٹری ٹوس

یہ وہ دوائیں ہیں۔ جن سے ٹشیو کی پرورش ہوتی ہے۔ مثلاً

لنسیڈ آئیل	کاڈلیور آئیل	الیو آئیل	صاف کردہ بھیڑ کی چربی

پرگیٹو

دیکھو بیان کتھارٹک +

پسچولینٹ یا پیپ دار آبلہ پیدا کرنے والی

یہ وہ دوائیں ہیں جن کے لگانے سے پسچولس یا پیپ والے آبلے پیدا ہو جاتے ہیں۔ مثلاً

انٹی منی ٹارٹریٹ	نائیٹریٹ آف سلور	کروٹن آئیل

ریفرجرینٹ

یہ وہ دوائیں ہیں۔ جو گرمی کو دور کر دیتی ہیں۔ دوران خون کو کم کرتی ہیں۔ پیاس کو بجھا دیتی ہیں۔ مثلاً

ایسٹیم یا سرکہ	کلورائیڈ آف امونیم	لائیکر امونیا ایسی ٹیٹ
ہیڈرو کلورک ایسڈ ڈائیلوٹ	پوٹاشی کلوراس	اسپرٹ ایتھر نائیٹروسائی
نائیٹرک ایسڈ ڈائیلوٹ	پوٹاشی نائیٹراس	
سلفیورک ایسڈ ڈائیلوٹ	پرمنگنیٹ پوٹاش	

ریزالوینٹ

یہ وہ دوائیں ہیں۔ جو کسی چیز کو حل کر لیں یا تحلیل کر دیں یا نرم کر دیں +

روبی فیشنٹ

یہ وہ دوائیں ہیں۔ جو جلد پر لگانے سے سُرخی اور خراش پیدا کرتی ہیں۔ مثلاً

ایسٹیم کنتھاریڈیز	لائیکر امونیا	ٹرپن ٹائن لینی منٹ
مسٹرڈ پولٹس	امونیا لینی منٹ	تاربین کا تیل
پرکلورائیڈ آف مرکری	کمپونڈ امونیا لینی منٹ	
آئیوڈین	کمپونڈ کمفر لینی منٹ	

سیڈیٹو

یہ وہ دوائیں ہیں۔ جو کہ اعصاب کی طاقت کو بغیر پہلے تحریک کرنے کے پست کر دیتی ہیں مثلاً

کاربالک ایسڈ	انٹی منی اوکسائیڈ	ایکسٹریکٹ بلاڈونہ
ہیڈروسیانک ایسڈ	انٹی منی ٹارٹریٹ	پلمبائی ایسی ٹیٹ
ایکونائیٹ فولیا	بلاڈونہ فولیا	اسپرٹ کمفر
ایکونائیٹ ریڈیکس	کمفر	پوست کا سرپ
سب کلورائیڈ آف مرکری	کالچیکم کی گانٹھیں	ٹنکچر ایکونائیٹ
ہائیوسائی مس فولیا	کالچیکم کے بیج	کمپونڈ ٹنکچر آف کمفر
اپیکاکیوانہ	کریازوٹ	ٹنکچر اوپیم
لائیکر پلمبائی سب ایسی ٹاس	ڈیجی ٹیلس فولیا	زنک اوکسائیڈ
اوپیم	ایکسٹریکٹ ایکونائیٹ	ایتھر اسپرے یا ایتھر کے بخار

سائیلوگاگس

یہ وہ دوائیں ہیں جو سلیما یا لعاب دہن کی رطوبت کو ترقی دیتی ہیں۔ مثلاً

انٹی سنی ٹارٹریٹ	آیوڈین	جنجر
سب کلورائیڈ آف مرکری	پوٹاشی آیوڈائیڈ	
مرکری کم کریٹا	سنی پس۔ رائی یا سرسوں	

اسٹی میولنٹ

یہ وہ دوائیں ہیں۔ جو نظام عصبی کو تحریک دیتی ہیں اور جسم کے افعال تیزی سے انجام پاتے ہیں۔ مثلاً

ڈائیلوٹ ایسی ٹک ایسڈ	پائی منٹو	کلورال ہیڈریٹ
ڈائیلوٹ ہیڈروکلورک ایسڈ	سنی پس	کلورافارم
ایمونیم کاربونیٹ	اسپرٹ کلورافارم	جنشن ریڈیکس
ایمونیم کلورائیڈ	ریکٹیفائیڈ اسپرٹ	انفیوژن سنکونہ فلیوا
ارنیکہ ریڈیکس	روبرب کی جڑ	ٹنکچر سنکونہ فلیوا
اسافی ٹیڈا	اسپرٹ ریکٹیفائیڈ ٹی نیوز	ٹنکچر جنشن کمپونڈ
کنتھاریڈیز	کمپونڈ ٹنکچر ایلوز	جنجر
کیپ سیکم فروٹ	ٹنکچر کلورافارم کمپونڈ	الکوحال
انفیوژن جنشن کمپونڈ	کارڈی مم	
نکسوامیکا	پیل کے ٹی کیو	

اسٹپٹکس

یہ وہ دوائیں ہیں۔ جو سیلان خون کو یا جریان کو بند کریں۔ مثلاً

ڈائیلوٹ ایسی ٹک ایسڈ	لائیکوئر پلمبائی سب ایسی ٹیٹ	اوک بارک
کاربالک ایسڈ	مرہ	الیومن یا ایلم
گیلک ایسڈ	پلمبائی ایسی ٹیٹ	کے ٹی کیو
ٹینک ایسڈ	پلمبائی کاربوناس	ہیمو اسٹاٹک کلوڈیم

سلفیٹ آف کاپر	لائیکوار کیلسیم	ایسی ٹیٹ آف زنک
ارگٹ	سلوشن پرکلورائیڈ آف آئرن اسٹرانگ	زنک کاربونیٹ
سلفیٹ آف آئرن	ریکٹیفائیڈ اسپرٹ	زنک اوکسائیڈ
گال	ٹنکچر پرکلورائیڈ آف آئرن	زنک سلفیٹ
گوسپیئم یا روئی	ٹنکچر گال	کولڈ اپلی کیشن یا سرد ضماد
انفیوژن ارگٹ	ٹنکچر مرہ	

سوڈاری فکس

یہ وہ دوائیں ہیں۔ جو جلد کے فعل کو بڑھاتی ہیں۔ اور پسینہ پیدا ہوتا ہے۔ مثلاً

ایمونیم کاربونیٹ	لائیکوار ایمونیا	کمپونڈ اپیکاکیوانہ پوڈر
انٹی منی اوکسائڈ	لائیکوار ایمونیا ایسی ٹیٹ	اسپرٹ ایتھر نائیٹراس
کمفر	ٹرپن ٹائن آئیل	اسپرٹ کمفر
ہائیوسائی مس فولیا	پوٹاشی نائیٹرس	سلفر پرسپی ٹیٹم
اپیکاکیوانہ	انٹی مونیل پوڈر	کے نے ڈا ٹرپن ٹائن

ٹانکس۔ مقویات

ان دواؤں سے اعضاء ضعیف ٹھیک ہو جاتے ہیں اور جانوروں کے بدن کو طاقت حاصل ہو جاتی ہے۔ مثلاً

ہیڈروکلورک ایسڈ ڈائیلوٹ	پیل سنکونہ بارک	سوڈیم کلورائیڈ
نائیٹرک ایسڈ ڈائیلوٹ	آٹے کا خمیر	ردبرب کی جڑ
سلفیورک ایسڈ ڈائیلوٹ	آئیوڈین	ٹنکچر کنتھاریڈیز
ایلوز	لائیکوار پرکلورائیڈ آف آئرن	ٹنکچر سنکونہ فلیوا
ارجن ٹم ٹائی نائیٹراس	سلفیٹ آف کونین	سلفیٹ آف کاپر

ڈیکاکشن سنکونہ فلیوا	جنشن ریڈیکس	ٹنکچر مرہ
سکرٹیڈ کاربونیٹ آف آئرن	انفیوژن سنکونہ فلیوا	ٹنکچر نکسو میکا
آئیوڈائیڈ آف آئرن	کمپونڈ انفیوژن جنشن	آئرن وائین
ہیڈریٹ پراوکسائیڈ آف آئرن	ٹنکچر پرکلورائیڈ آف آئرن	زنک ایسی ٹیٹ
سلفیٹ آف آئرن	کمپونڈ ٹنکچر آف جنشن	زنک سلفاس

ٹرومیٹکس

یہ وہ دوائیں ہیں۔ جو زخموں پر لگاتے ہیں۔ مثلاً

کلوڈیم	ریزن	ٹرپن ٹائن آئنٹمنٹ
مرہ	کمپونڈ ٹنکچر ایلوز	زنک اوکسائیڈ

ورمی سائیڈس

دیکھو بیان انتھل مینٹک +

ورمی فیوج

دیکھو بیان انتھل مینٹک +

ویسی کنٹ

دیکھو بیان بلسٹر یا ایپس پٹکس +

ضمیمۂ اول

نقشۂ سمیات حیوانات

نام زہر	علامات	علاج	صورت حال تشریحی بعد وفات
		سمیات معدنی	
سلفیورک ایسڈ نائیٹرک ایسڈ ہائیڈروکلورک ایسڈ	ان چیزوں کا اثر دو طور پر ہوتا ہے + **اوّل** ۔ جسم کے جن جن مقاموں سے گذرتی ہیں ۔ اُن کو جلا دیتی ہیں + **دوم** ۔ جب پانی کے مل جانے سے اُن کی تیزی کسی قدر کم ہو جاتی ہے ۔ تب جن جن پردوں پر لگتی ہیں وہ پہلے تو موٹے ہو جاتے ہیں ۔ اور تب اُدھڑ بھی جاتے ہیں ان کے پینے سے جانور بےچین ہو کر ہاتھ پاؤں مارنے لگتا ہے ۔ اور بے کل ہو جاتا ہے ۔ اور منہ سے لیسدار یا بدبودار	آلہ اسٹمک پمپ کے ذریعہ معدہ میں پانی بھر دیں تا کہ زہر رقیق ہو جائے ۔ کھریا مٹی یا میگنیشیا یا صابن پانی میں گھول کر پلاویں ۔ تا کہ ان کی ترشی زائل ہو جاوے ۔ اور جو ان میں سے کوئی بھی میسر نہ ہو ۔ تو دیوار کے چونہ کا پلاسٹر کھرچ کر پانی میں گھول کے پلاویں ۔ اس سے بھی ترشی اثر زائل ہو جاتا ہے ۔ کھار دواؤں کی کاربونیٹ جیسے کاربونیٹ آف سوڈا یا کاربونیٹ آف پوٹاش نہ پلاویں ۔ کیونکہ اس سے منہ کی راہ کاربانک ایسڈ کی	بعد موت کے لاش کے امتحان سے حلق اور گلا چھلا ہُوا ہو گا ۔ معدہ ہوا سے بھرا ہُوا ہو گا ۔ اور اس کا میوکس پردہ چھلا ہُوا اور اُس پر جا بجا زخم پائے جائینگے ۔ بعض دفعہ یہ زخم اس قدر گہرے ہوتے ہیں ۔ کہ معدہ چھد بھی جاتا ہے ۔ معدہ اور کل امعاء میں شدید اور وسیع انفلامیشن کے آثار پائے جائینگے ۔ بڑی بڑی رگوں میں خون جما ہُوا اور چھوٹیوں میں گاڑھا ہو گا ۔ لیکن جب یہ تیزاب

نام زہر	علامات	علاج	صورت حال تشریحی بعد وفات
	تھوک بہنے لگتی ہے اور سارا منہ سُرخ ہو جاتا ہے۔ اسافی گس کے ادھڑ جانے سے جانور نگل نہیں سکتا۔ بار بار ڈکار آتے ہیں۔ معدہ سے لیکر رودوں تک شدید انفلامیشن ہو جاتا ہے اور کل علامات سخت قسم کی قولنج کے پیدا ہو جاتی وبلنے سے شکم میں درد ہوتا ہے پیچش ہوتی ہے۔ اور بار بار لید کرنا چاہتا ہے۔ اور بعد لید کے آؤن اور لہو خارج ہوتا ہے۔ نبض کمزور اور جلد چلتی ہے۔ جانور کمزور ہو کر نڈھال ہو جاتا ہے۔ پسینہ سے نہا جاتا ہے اور بدن سرد ہو جاتا ہے۔ نہایت تکلیف کے بعد جانور تلف ہو جاتا ہے تیز الکلی دوائیں بھی جیسے پوٹاش اور سوڈا اور ان کے کاربونیٹ بھی۔ تیز زہر ہیں +	کی ہوا کثرت سے خارج ہو گی۔ ضرورت ہو۔ تو فصد لیں۔ تاکہ انفلامیشن پیدا نہ ہونے پاوے اور افیون اور لعاب دار چیزیں کثرت سے پلاویں۔ جیسے السی کا جوشاندہ۔ دود۔ چاول کی کانجی وغیرہ + زہر کے علامات رفع ہو جانے کے بعد کمزوری ہو۔ تو نباتی مقویات کا استعمال کریں۔ اور غذا مقوی اور سریع الہضم دیں +	پانی میں ملا کر تپلا عرصہ تک تھوڑی تھوڑی مقدار میں پلائے جاتے ہیں۔ تب علامات مذکورہ بالا نہیں ہونے پاتیں۔ بلکہ اس صورت میں معدہ کا میوکس پردہ موٹا ہو کر سکڑ جاتا ہے۔ اور پردہ مذکور تھوڑا بہت ادھڑ بھی جاتا ہے۔ اور یہی حال رودوں کے میوکس پردہ کا بھی ہو جاتا ہے +

نام زہر	علامات	علاج	صورت حال تشریحی بعد وفات
کاسٹک پوٹاش سوڈا اور عرق امونیہ	شرح صدر	سرکہ بہت جلد پتلا کر کے دینا چاہئے۔ دودھ چاول کی کانجی وغیرہ بشرح صدر	بشرح صدر
سنکھیا ہرتال	پنجاب میں عجیب ترکیب سے مویشی کو سنکھیا دیکر مار ڈالتے ہیں۔ یعنی ایسا کرتے ہیں۔ کہ بھٹے میں خول کر کے سنکھیا کے ٹکڑے بھر دیتے ہیں۔ اور جانور کے سامنے رکھ دیتے ہیں۔ بیچارہ لالچ کے مارے کھا کر مرجاتا ہے ہائے سنگدلی! علامات۔ معدہ میں سخت درد ہوتا ہے۔ جانور نہایت بے چین ہوجاتا ہے۔ بیٹھ جاتا ہے۔ اور فوراً اٹھ کھڑا ہوتا ہے۔ پیٹ پھول جاتا ہے۔ اور بولنے لگتا ہے۔ لید گوبر بلغم آمیز اور بدبودار ہوتی ہے۔ نبض سریع اور	صرف پانی یا چونہ کا پانی کثرت سے پلاویں۔ فصد نہ لیں کیونکہ اس سے زہر جلد تر جذب ہوجاتا ہے اور سلفیٹ آف آئرن (ہیراکسیس) کے عرق میں امونیا اور قدرے نائیٹرک ایسڈ ملاکر ہائیڈریٹڈ پر اکسائڈ آف آئرن کا منجمد حاصل کریں اور اس کو زیادہ زیادہ مقدار میں کھلاویں۔ تاکہ کیمیائی ترکیب سے ارسی۔ سی۔ نائیٹ آف آئرن بن جاوے۔ جس کو نیز جلابوں کے ذریعہ خارج کر دے سکتے ہیں۔ کھریا مٹی اور انڈوں کی	معدہ اور رودہ مگر خاص کر معدہ میں شدید انفلیمیشن کے آثار پائے جاتے ہیں۔ اور خاص کر معدہ کا میوکس پردہ جابجا سے موٹا اور بعض دفعہ زخمی بھی ہوجاتا ہے اور اس پر سنکھیا کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بھی بعض اوقات ہوتے ہیں۔ شش اور جگر اور گردوں میں اجتماع خون کا پایا جاتا ہے۔ ہوا کی نالیوں کا پردہ بھی سرخ ہوتا ہے۔ آنکھ کا پردہ۔ کن۔ جنک۔ ٹائی وا

نام زہر	علامات	علاج	صورت حال تشریحی بعد وفات
	اس قدر کمزور ہو جاتی ہے کہ رفتہ رفتہ جبڑے پر محسوس ہی نہیں ہوتی۔ دم نہایت تکلیف سے لیا جاتا ہے اور بدن سرد پسینہ سے نہا جاتا ہے۔ اطراف سر و معدہ میں نہایت درد جانور بار بار قے کرنا چاہتا ہے۔ چہرہ فکرمند اور نہایت تکلیف زدہ ہو جاتا ہے۔ منہ گرم اور کثرت سے بدبودار تھوک جاری ہونے لگتا ہے۔ درد کے سبب ہدیاں ہو جاتا ہے۔ اور تب نہایت نڈھال ہو کر جانور تلف ہو جاتا ہے + گھوڑے کو ایک سے دو اونس تک سنکھیا زہر ہو جاتا ہے +	سفیدی اور ہڈی کا کوئلہ اور میگنیشیا بھی مفید ہے۔ اور گھی اور دودھ اور السی کا تیل بھی فائدہ مند ہے۔ مگر کتنے کو پہلے قے کرانی چاہئیے۔ زہر کی علامتوں کے بعد انفلامیشن ہو جاوے۔ تو اس کا علاج معمولی طور پر کریں۔ اور کمزوری کے لئے دوا اور غذا مقوی دیں +	نہایت سرخ ہوتا ہے اور سارے جسم کا خون پتلا ہو جاتا ہے۔ دل پر جا بجا خون کے دھبے پائے جاتے ہیں +
ہائیڈرارجرائی	اس چیز کے زہر کی علامتیں مثل معدنی تیزابوں کے	پانی میں گھول کر انڈوں کی سفیدی یا آٹا گھول کر یا صرف	

نام زہر	علامات	علاج	صورت حال تشریحی بعد وفات
پرکلورائیڈ آف مرکری یعنی کروسیو سبلی منٹ	ہوتی ہیں۔ الااس سے اکثر دست بار بار اور نہایت بدبودار آتے ہیں۔ چونکہ یہ چیز جلد حل ہو جاتی ہے تو اس کا اثر نہایت جلد اور تیز ہوتا ہے۔ کیا لومل کی زیادہ مقدار کے کھانے سے رودوں کے میوکس پردہ میں انفلامیشن ہوتا ہے۔ اقدہ پیچش کے ساتھ سیاہ رنگ کے بدبودار اور خون آمیز دست آتے ہیں +	دودھ کثرت سے پلاویں۔ جست کا برادہ اور لوہا چورن بھی مفید ہے اور السی کا جوشاندہ بھی فائدہ کرتا ہے ٹانک اسٹیٹ اور ہڈیوں کا کوئلہ اور ہائیڈریٹ آف پوٹاشیم بھی اس کے فاد ہیں۔ بعض دفعہ منہ آ جاتا ہے۔ تو جانور کو کھلی ہوا میں رکھیں۔ سکنجبین جلاب دیں اور غذا مقوی +	مثل سنکھیا کے۔ یعنی معدہ اور رودوں کے میوکس پردہ میں شدید انفلامیشن کے آثار اور وہ پردہ چھلا ہوا اور زخمی اور اس کے نیچے خون بہا ہوا بھی بعض دفعہ ہوتا ہے +
ٹارٹار ایمیٹک	معدہ میں شدت کی بے چینی اور غشیاں اور ابکائیاں کثرت سے پسینہ اور درد اور ہوا کے ساتھ دست بار بار۔ پیشاب بھی زیادہ آتا ہے۔ قلب پہلے شدت سے حرکت کرتا ہے اور تب سست ہو جاتا ہے۔ یہاں تک کہ حرکت محسوس نہیں ہوتی۔ بدن سرد۔ تکلیف تنفس۔ نہایت بے چینی۔	کتھا یا مازو یا سنکونہ بارک یا کیکر کی چھال کا سفوف یا جوشاندہ پلاویں اور تب السی کا تیل یا جوشاندہ پینے کو دیں۔ درد موقوف کرنے کے لئے افیون کا استعمال کریں +	معدہ میں شدید انفلامیشن کے آثار اور اس کا میوکس پردہ جا بجا سے چھلا ہوا اور سرخ زدہ سرخ اور دبیز اور اُن میں بلغم بکثرت۔ ششش خون سے پُر اور چونکہ یہ زہر خون میں جذب ہو جاتا ہے اس واسطے کل حصہ جسم میں آثار انفلامیشن کے پائے جاتے ہیں +

نام زہر	علامات	علاج	صورت حال تشریحی بعد وفات
	تشنج اور موت۔ جب یہ چیز عرصہ تک بار بار کھلائی جاتی ہے۔ تب جانور کمزور ہو جاتا۔ اور بدن کے جا بجا سے بال جھڑنے لگتے ہیں۔ کتوں میں شدت سے قے اور کمزوری ہوتی ہے +		
تانبے کے مرکبات طوطیا زنگار بغیر قلعی کیا ہوا برتن	جب یہ چیزیں زیادہ مقدار میں کھلائی جاتی ہیں۔ تب معدہ اور رودوں میں نہایت خراش اور قولنج کا درد اور دست آتے ہیں۔ کتوں کو جب بغیر قلعی کئے ہوئے تانبے کے برتن میں چکنی چیزیں کھلائی جاتی ہیں۔ تب زہر کی علامتیں پیدا ہوتی ہیں۔ اور جانور کو شدت سے قے ہونے لگتی ہے۔ معدنی تانبا جہاں گلا کر نکالا جاتا ہے	فیرو سائی نائیڈ آف پوٹاشیم کا عرق یا صابن پانی میں گھول کر پلاویں۔ انڈوں کی سفیدی اور دودھ اور لوہا چورن بھی مفید ہے۔ ان کو پلا کر السی کا تیل اور کسٹر آئل کا جلاب دیں۔ شیر گرم پانی میں کاربونیٹ آف سوڈا ملا کر خوب پلاویں۔ اور درد اور بے چینی کیلئے افیون۔ جانور کو السی کا جوشاندہ یا کانجی کھلے دل سے	معدہ میں آثار انفلامیشن کے۔ اس کا اندرونی میوکس پردہ سرخ اور جا بجا سے چھلا ہوا +

نام زہر	علامات	علاج	صورت حال تشریحی بعد وفات
	ان کارخانوں کے قرب وجوار کے گھوڑوں اور مویشی کے جوڑوں میں بیماری ہوجاتی ہے۔ یعنی جوڑ پھول جاتے اور آخر کو جڑ جاتے ہیں۔ مسوڑوں پر زخم اور دانت ہلنے لگتے ہیں۔ اور وہاں کے گھاس پات کے سبب سے یا ہوا میں تانبے کے بخارات کے جمع ہونے کے باعث سے تانبے کے ذرات دانتوں کے کناروں پر جمع ہو جاتے ہیں +	پلاویں۔ جوڑوں کی بیماری کے ابتدا میں ٹرو۔ کار سے پانی نکال کر گدی اور بینڈیج سے دباویں۔ جانور کو کسی اور جگہ لے جا رکھیں +	
سیسہ کے مرکبات شوگر آف لڈ کاربونیٹ آف لڈ وغیرہ	شدت کا تشنج ایک عجیب قسم کی کھانسی جسم سرد۔ لرزہ شدت کی قبض پے رالی سس یعنی فالج۔ نیلی لکیر مسوڑوں پر۔ مویشی میں پہلے کھانے کا ہوکا ہو جاتا ہے۔ بعد ازاں قبض اور شدت کا درد اور تکلیف تنفس۔ کھانسی	اپسم سالٹ ہمراہ جمال گوٹہ کے تیل کے پلاویں اور درد اور خراش کے لئے افیون کھلاویں۔ آئیوڈائیڈ آف پوٹاشیم اور فاسفیٹ آف سوڈا بھی مفید ہے +	معدہ اور رودوں کا میوکس پردہ بعض جا سیاہی مائل رودوں کا منفذ تنگ اور میوکس پردہ سکڑ جاتا ہے۔ براز کا رنگ سیاہ +

نام زہر	علامات	علاج	صورت حال تشریحی بعد وفات
نائٹریٹ یعنی قلمی شورہ	لاغری۔ کمزوری اور تپ بیہوشی + کمال بے چینی۔ قولنج کا درد۔ نبض کمزور سریع اور بے قاعدہ۔ تکلیف تنفس۔ دہن گرم۔ ناک اور آنکھ سُرخ۔ پیشاب کی کثرت۔ اجابت بار بار مقدار زہر کی بہت زیادہ ہو۔ تو شکم میں شدت کا درد دم لینے کی زیادہ تکلیف۔ نبض زیادہ تیز سریع اطراف سرد۔ اور جانور نہایت نڈھال ہوجاتاہے +	کانجی یا السی کا جوشاندہ خوب پلاویں۔ السی یا ارنڈ کے تیل کا جلاب دیں۔ گرم کمبل شکم اور کمر پر لپیٹ دیں۔ افیون کی پچکاری کریں۔ ضرورت ہو۔ تو فصد لیں۔ دست و پا کو خوب ملکر پٹی باندھ دیں +	معدہ میں سخت انفلامیشن کے آثار اور اُس کے پردہ پر جا بجا خون کے نقوط یا دھبے +
سمیات نباتی			
افیون	جب کتے کو ایک سے ۲ ڈرام تک افیون کھلائی جاتی ہے تب دوران خون تیز ہوجاتا ہے۔ جب متلاتاہے جانور	اول اسٹمک پمپ یا ایسے ٹھیک دوا سے زہر کو خارج کریں۔ چھاتی پر رائی کی پلٹس۔ سر اور گردن پر آب سرد۔ تار بجلی	معدہ اور رودہ میں انفلامیشن۔ ششش اور دماغ خون سے پُر۔ دماغ کے بطنوں میں بعض دفعہ

نام زہر	علامات	علاج	صورت حال تشریحی بعد وفات
	چلتے وقت لڑکھڑاتا ہے۔ دست و پا جھٹکا کھانے لگتے ہیں۔ تشنج ہو کر بیہوش ہو جاتا ہے +	اور ترکیب مصنوعی سے تنفس کو قائم کریں۔ سٹرکنیا کی پچکاری اور بلاڈونہ بھی مفید ہے۔ جانور نڈھال ہو جائے تو مفرحات +	آب خون اس زہر میں لاش گل جاتی ہے +
بلاڈونہ	پتوں کا سفوف ۴ سے ۶ اونس تک کھانے سے ۴ سے ۸ گھنٹہ کے اندر گھوڑا سست ہو جاتا۔ پتلیاں پھیل جاتی ہیں۔ دہن گرم۔ اشتہا مفقود۔ نبض کمزور۔ تکلیف تنفس۔ بعض دفعہ درد شکم بعض دفعہ پچھلے پاؤں بیکار۔ مویشی کو جڑ کا سفوف ۲ سے ۴ اونس تک شدت کی علامتیں پیدا کرتا ہے۔ کتوں کو ۴ سے ۵ گرین زہر کی علامتیں پیدا کرتا ہے +	آلہ اشتک پمپ اور متقئی ادویات سے زہر کو خارج کریں چونہ کا پانی پلاویں۔ کے بار بار مفید ہے۔ کمزوری اور تکلیف تنفس کے لئے امونیا کھلاویں اور سنگھاویں مدرات کا استعمال کریں۔ تاکہ جسم سے زہر خارج ہو جائے +	جانور دل کی کمزوری کے سبب سے مرتا ہے۔ خون نیلا رہتا ہے۔ دل کے بطون خالی اور خوب سکڑے ہوئے۔ شش۔ جگر اور گردے یا دماغ میں اجتماع خون کا نہیں پایا جاتا ہے +
ہائیڈروسائینک ایسڈ	سر گھومتا ہے بیہوشی طاری ہوتی ہے۔ تکلیف تنفس نتھنے پھیل جاتے ہیں۔ نبض سریع اور کمزور۔ ہاتھ پاؤں	جانور کو عرق امونیا پلاویں اور سنگھاویں اور کلورین ہوا۔ اور کلورل ہائیڈریٹ بھی مفید ہے۔ تھوڑے	معدہ اور رودوں میں خفیف انفلامیشن شش خون سے پُر۔ دل کے خانے اور وریدیں سیاہ

نام زہر	علامات	علاج	صورت حال تشریحی بعد وفات
	ڈھیلے اور جانور نہایت نڈھال ہو جاتا ہے۔ تشنج جسم سرد پسینہ سے معرق ۴۰ سے ۹۰ بوند تک پینے سے کتوں اور بلیوں کا سر گھومتا ہے۔ تشنج ہوتا ہے منہ آ جاتا ہے۔ اور بیہوشی طاری ہو کر جانور مر جاتا ہے	تھوڑے سے عرصہ بعد سر اور گردن پر آب سرد چھڑکیں۔ جوگلر وین سے خون لیں۔ ۲۰ گرین کاربونیٹ آف سوڈا ایک اونس پانی میں حل کر کے پلاویں۔ ازاں بعد ۲۰ گرین سلفیٹ آف آئرن اور ایک ڈرام ٹنکچر اف اسٹیل ایک اونس پانی ملا کر فوراً پلا دیں	خون سے پُر +
نکس وامیکا یعنی کچلا	نبض سریع۔ تکلیف تنفس۔ تشنج مثل ٹٹنس کے ہاتھ پاؤں کمزور۔ پسینہ بکثرت بیہوشی اور موت +	آلہ اسٹمک پمپ۔ اور ایمیٹک سے زہر کو خارج کر کے ہڈیوں کا کوئلہ کھلاویں اور برومائیڈ آف پوٹاشیم اور ٹانک ایسڈ اور ٹنکچر آف آئیوڈین بھی مفید ہے۔ بعد ازاں تمباکو کے پتوں کا انفیوژن پلاویں۔ اور کیسے باربین۔ اور کلورل ہائیڈریٹ بھی مفید ہے +	جسم کے کل ورید خون سے پر۔ اور دل اور دماغ میں اجتماع خون کا پایا جاتا ہے +

نام زہر	علامات	علاج	صورت حال تشریحی بعد وفات
کروٹن یعنی جمال گوٹہ کا بیج اور تیل	رودوں میں سخت انفلامیشن - درد اور پیچش کے ساتھ دست بکثرت - شکم میں شدت کا درد کثرت سے پسینہ کمال ضعف +	لعابدار چیزیں کثرت سے پلاویں - قابضات جیسے کتھا اور افیون اور کھریا مٹی کھلاویں - بعض دفعہ فصد شکم پر تکمید +	رودوں میں سخت انفلامیشن - ششش خون سے پر +
[illegible]	ضعف - درد معدہ - جسم سرد - پسینہ سرد بکثرت نبض سریع اور نہایت کمزور - جب جمع ہو کر عرصہ بعد دفعتہً زہر ہو جاتا ہے - تب فقدان اشتہا - غثیان - لرزہ - ضعف - نبض سریع اور عادۃً اسہال اور تب تدریج شفا	مصبر اور السی کے تیل کا جلاب - لعابدار عرقیات پلاویں - امونیا وغیرہ مفرحات +	ایسی نہیں پائی جاتیں کہ جن پر اعتماد کیا جاوے +
کالچیکم	جب یہ چیز زیادہ کھائی جاتی ہے - تب معدہ میں خراش اور دست آنے لگتے ہیں - دل کی حرکت گھٹ جاتی ہے - دم جلد جلد اور تکلیف سے لیا	تیل اور نمک کا جلاب دیں - تاکہ زہر خارج ہو جائے لعابدار عرق خوب طرح پلاویں - بے چینی کے لئے افیون اور کافور +	معدہ اور کل رودوں میں آثار انفلامیشن کے رودوں میں ہوا بھری ہوئی ہے - ششش میں اجتماع خون کا دل اور اس کے غلاف میں

نام زہر	علامات	علاج	صورت حال تشریحی بعد وفات
	جاتا ہے۔ بدن سرد پسینہ سے معرق ہو جاتا ہے۔ اور چہرہ فکرہ مند +		ہیں انفلامیشن کے آثار +
ہے - لی - بور	ابکائیاں - نبض سریع - رودوں ہیں خراش - اگر دست آجاویں تو افاقہ ہو جاتا ہے - ورنہ علامتوں کو تخفیف ہو جاتی ہے - بدن سرد پسینہ سے معرق ہو جاتا منہ سے رال بہتی ہے سارا بدن مگر خاص کر دست و پا برف کے طور پر سرد - تب رودوں میں انفلامیشن ہو کر جانور مر جاتا ہے +	لعاب دار عرق کھلے دل سے پلاویں - خاص کر دودھ خوب پلاویں - السی کے تیل کا جلاب دیں - جب جانور بصحت لاوے - تب غذا اور دوا مقوی سے اُس کی طاقت قائم کریں +	معدہ اور رودوں میں آثار انفلامیشن کے - دل ڈھیلا اور پیلا - ششش خون سے پُر +
تمباکو	نبض کمزور - جی متلاتا - سر گھومنا - بیہوشی طاری ہوتی ہے - بعض دفعہ جوش کی علامتیں پیدا ہوتی ہیں - عرق بکثرت - تکلیف تنفس جانور کانپتا ہے	تیز جلاب سے زہر کو خارج کریں - امونیا اور خمر کا استعمال کریں - لعاب دار عرقیات کا خوب استعمال کریں +	ایسی نہیں پائی جاتیں - کہ جن پر اعتماد کیا جا سکے

نام زہر	علامات	علاج	صورت حال تشریحی بعد وفات
دھتورا۔ ہم لاک	مثل بلاڈونہ کے جی متلاتا۔اطراف کے عضلے پھڑکنے لگتے ہیں اور تب کمزور ہو کر مفلوج ہو جاتے ہیں۔جسم سرد پسینہ سے معرق ہو جاتا ہے۔پتلیاں پھیل جاتیں اور جانور کند ہو جاتا۔ مویشی زہر کو کھا کر ایسے گر پڑتے ہیں۔کہ گویا اس میں جان نہ تھی۔نبض نہایت کمزور اور آہستہ چلتی ہے اطراف سرد ہو جاتے ہیں +	مثل بلاڈونہ کے سر پر آب سرد چھوڑیں۔ایمونیا کی ہوا سنگھاویں اسٹی میولنٹ پچکاریاں کریں۔اور احتیاط سے اسٹی میولنٹ دوا پلاویں +	مثل بلاڈونہ کے ایسی نہیں پائی جاتیں۔کہ جن پر اعتماد کیا جا سکے
ایکونائیٹ یعنی میٹھا تیلیا	نبض گھٹ جاتی ہے۔تنفس کی تعداد بھی کم ہو جاتی ہے۔کثرت سے رال بہتی ہے۔بھوک مر جاتی۔تھوڑا بہت جی متلاتا۔گھوڑا شدت سے کانپتا ہے۔اپنے آپ کھڑا نہیں رکھ سکتا۔قدرے تشنج ہوتا ہے۔منہ سے کف	جیوانی کوئلہ باریک سفوف کرکے پانی میں گھول کر پلاویں تب ایمیٹک دوا یا اسٹمک پمپ کا استعمال کریں بعد ازاں فوراً ٹانک ایسڈ کا استعمال کریں۔اسٹی میولنٹ دوائیں پلاویں۔تھوڑا سا خون جوگلر وین سے لیں۔تاکہ شش	پھیپھڑوں میں خون کے دھبے پائے جاتے ہیں +

نام زہر	علامات	علاج	صورت حال تشریحی بعد وفات
	جاری ہوتا ہے۔ پسینہ کثرت سے آتا اور نہایت جی متلاکر ابکائیاں آنے لگتی ہیں۔ بہ نسبت گھوڑوں اور کتوں کے اس زہر کا اثر مویشی پر دیر سے اور کم شدید ہوتا ہے +	ہیں اجتماع خون کا نہ ہونے پاوے +	
سمیات حیوانی			
کنتھے ریڈیس یعنی تیلنی مکھی	زیادہ کھائی جاوے تو کمال بے چینی ہوتی ہے معدہ۔ رودہ اور اعضائے بول میں شدت کا انفلامیشن۔ بعض دفعہ تشنج اور بیہوشی پیشاب بار بار نہایت جلن کے ساتھ اور خون آمیز آتا ہے۔ شکم میں شدت کا درد اور پیچش سے دست آتے ہیں +	لعاب دار عرقوں کو پلاویں اور اُن کی پچکاری کریں بائی کاربونیٹ آف سوڈا یا کوئی اور الکلی دوا کھلاویں۔ درد اگر زیادہ ہو۔ اور عرصہ تک رہے تو فصد لے کر افیون کا استعمال کریں اور کمر پر تکمید +	معدہ رودہ اور اعضائے بول میں آثار انفلامیشن کے بعض دفعہ دماغ میں اجتماع خون اور اُس کے بطنوں میں آب خون پایا جاتا ہے +

نسخہ جات

کامن ماس

واضح ہو کہ ماس کے معنی لگدی کے ہیں۔ یعنی جب چند خشک دوائیں گولیاں بنانے کی غرض سے ملائی جاتی ہیں۔ تب کسی گاڑھی چیز کوان میں ملا کر ایک لگدی بنا لیتے ہیں۔ غرض اس لگدی کو اصطلاح میں ماس کہتے ہیں۔ کامن ماس کا نسخہ یہ ہے +

السی باریک پسی ہوئی اور ٹریکل یعنی شیرہ دونو ہموزن لیکر ماس یعنی لگدی بنالیں۔ جب کئی دوائیں اس غرض سے ملائی جاتی ہیں۔ کہ جانور کو گولے کی شکل پر کھلائی جاویں تب کامن ماس اس میں ملا دیتے ہیں۔ تاکہ لگدی بن جاوے +

کےتھارٹک ماس یعنی جلاب کی لگدی

نسخہ۔ باربیڈوز ایلوز	۶۔ پاؤنڈ
ریکٹیفائیڈ اسپرٹ	۹۔ اونس
ملائم صابن	۹۔ اونس
روغن پودینہ	۲۔ اونس

پہلے تین جزوں کو واٹر باتھ کی آنچ پر پگلالیں اور تب روغن پودینہ اس میں چھوڑ کر سارے کو ملا لیں +

خوراک۔ گھوڑے کی عمر اور قد اور طبیعت کے بموجب ایک سے ۸۔ ڈرام تک +

اسٹی میولے ٹنگ ماس

نسخہ۔ کاربونیٹ آف ایمونیا	۱۶۔ اونس
جنجر پوڈر	۱۶۔ اونس

جنشن پوڈر ———————————— ۱۶- اونس

ٹریکل یعنی راب ———————————— حسب ضرورت

پہلے کاربونیٹ آف ایمونیا کو اچھی طرح سفوف کر لیں اور تب اس کو چھلنی کے ذریعے جنجر اور جنشن میں اچھی طرح ملا لیں۔ بعد ازاں تھوڑا تھوڑا راب ڈالتے جاویں۔ اور سارے کو کوٹتے جاویں تاکہ لگدی بن جاوے۔ اس ماس کو تازہ تیار کر کے ایک ایک اونس کا بال بنا لیں +

خوراک ۔ گھوڑے کو ہر روز ایک اونس کا بال دیا کریں +

کاف ماس نمبر ۱

نسخہ ۔ ایکسٹریکٹ آف بلاڈونا ———————————— ½ سے ایک حصہ

سفوف باربیڈوز ایلوز ———————————— ایک حصہ

سفوف شورہ قلمی ———————————— ۲۰ حصہ

کامن ماس ———————————— حسب ضرورت

سب کو ملا کر لگدی بنا لیں +

استعمال ۔ گھوڑوں کی پرانی برانکائیٹس میں مفید ہے +

خوراک ۔ گھوڑا ۔ ۴ سے ۵ ڈرام تک +

کاف ماس نمبر ۲

نسخہ ۔ کافور ———————————— ۲- حصہ

ہینگ ———————————— ۲- حصہ

امونائیکم ———————————— ۲- حصہ

سفوف اسکوئیل ———————————— ایک حصہ

طائم صابن ———————————— حسب ضرورت

سب کو ملا کر لگدی بنا لیں +

فائدہ اور استعمال۔ گھوڑوں کی اُس کھانسی میں یہ نسخہ مفید ہے۔ جس میں کھانسی کے ساتھ بلغم آتا ہو +

خوراک ۔ ایک اونس کا بال ہر روز ایک دفعہ +

کاف ماس نمبر ۳

نسخہ۔ سفوف باربیڈوز ایلوز ———————— ۲ - حصہ

ڈیجی ٹیلس ———————— ۲ - حصہ

کامن ماس ———————— ۱۳ - حصہ

سب کو خوب ملا کر لگدی بنا لیں +

فائدہ اور استعمال۔ گھوڑوں کی پُرانی کھانسی میں مفید ہے +

خوراک ۔ ایک اونس کا بال ایک یا دو دفعہ دن میں +

الٹربٹو ماس

نسخہ۔ ریزن یعنی رال ———————— ۳۵ - حصہ

قلمی شورہ ———————— ۲۱ - حصہ

گندھک ———————— ۷ - حصہ

سفوف چرائتا ———————— ۱۴ - حصہ

کاربونیٹ آف آئرن ———————— ۷ - حصہ

روغن کباب چینی ———————— ¼ - حصہ

تارپین اور صابن ———————— حسب ضرورت

خوراک ۔ ایک اونس الٹربٹو کے طور پر ہفتہ میں ایک یا دو دفعہ +

ڈائیوریٹک کے طور پر ہر روز ایک دفعہ۔ گریس کی بیماری میں دوسرے روز +

ٹانک ماس

نسخہ۔ سلفیٹ آف آئرن ———————— ۲۔ حصہ

سونٹھ سفوف ———————— ایک حصہ

چرائتا سفوف ———————— ایک حصہ

کامن ماس ———————— ۵۔ حصہ

سب کو خوب طرح ملالیں +

فائدہ اور استعمال۔ نہایت عمدہ ٹانک ہے۔ خاص کر ایسی حالت میں استعمال کیا جاتا ہے کہ جب فولاد کے دینے کی ضرورت ہو +

خوراک۔ گھوڑے کو ۱۰ ڈرام سے ایک اونس تک گاہے گاہے دینا چاہیئے +

بوراسک ایسڈ لوشن

نسخہ۔ ایک حصہ بوراسک ایسڈ۔ ۲۰۔ حصہ گرم پانی میں حل کرلیں۔ ڈس انفکٹنٹ اور انٹے سپٹک کے طور پر یہ عرق زخموں پر لگایا جاتا ہے +

کاربالک ایسڈ لوشن

نسخہ۔ ایک ڈرام کاربالک ایسڈ۔ پانی ۵۔ اونس میں ملاکر خوب طرح ہلالیں۔ اس کا بھی فائدہ مثل اوپر کے لوشن کے ہے +

نسخہ جات دیسی ادویات کے مسہلات و ملینات

نسخہ (۱) جمال گوٹہ کے بیج سفوف کئے ہوئے ایک اسکروپل۔ کھانے کا نمک یا جلاب کا نمک یعنی اپسم سالٹ ½ پونڈ ملالیں یہ ملین نسخہ ہے۔ جس کو رفع قبض کے واسطے ½ ثار گرم گرم چاول کی کانجی میں دینا چاہیئے +

نسخہ (۲) سفوف گندھک ——————— ۲ - اونس

روغن السی ——————— ۴ - اونس

چاول کی کانجی گرم ——————— ایک کوارٹ

یہ ایک ملیئن نسخہ ہے ۔ مسہل کے عمل کے بعد اس کو ملیئن کے واسطے دیا کرتے ہیں +

نسخہ (۳) روغن السی ——————— ایک پائینٹ

سفوف گندھک ——————— ۴ - اونس

سفوف زنجبیل ——————— ½ - اونس

یہ ایک جلاب ہے ۔ نصف سیر چاول کی گرم کانجی میں اس کو پلانا چاہیئے ۔ بھیڑی کو اس خوراک کا نصف دینا چاہیئے +

نسخہ (۴) کھانے کا نمک ——————— ایک پاؤنڈ

مصبر ——————— ۴ - ڈرام

سفوف گندھک ——————— ۲ - اونس

سفوف زنجبیل ——————— ایک اونس

قند سیاہ ——————— ۴ - اونس

آب گرم ——————— ۲ - کوارٹ

یہ ایک جلاب ہے بھیڑی کو اس خوراک کا چھٹا حصہ دینا چاہیئے +

نسخہ (۵) جلاب کا نمک یا کھانے کا نمک ——————— ۴ - اونس

سفوف گندھک ——————— ۲ - اونس

سفوف زنجبیل ——————— ½ - اونس

قند سیاہ ——————— ۳ - اونس

یہ ایک ملیئن نسخہ ہے کل اجزا کو ۲ سیر آب گرم میں خوب طرح ملاویں اور بعد سرد ہونے کے پلاویں +

نسخہ (۶) جلاب کا نمک یا کھانے کا نمک ——————— ایک اونس

مصبر کھولتے ہوئے آب گرم میں خوب حل کیا ہوا ——————— ½ اونس

روغن السی ———————— ۴- اونس

سفوف زنجبیل ———————— ½ اونس

شراب دیسی ———————— ۲- اونس

یہ ایک کڑا جلاب ہے۔ کل اجزا کو ۲- سیر آب گرم میں حل کر کے نیم گرم پلاویں۔ یہ خوراک پوری عمر کے بڑے جانور کے لئے ہے۔ نصف عمر کے بیل یا گائے کو اس کا ½ حصہ اور بھیڑی کو اس کا چھٹا حصہ +

انٹے پائی ریٹک یعنی دافع بخار

نسخہ (۷) کافور ———————— ۲- ڈرام

شورہ ———————— ۳- ڈرام

شراب دیسی ———————— ایک اونس

پہلے کافور شراب میں حل کریں۔ بعد ازاں اُس میں شورہ ملا کر ایک سیر آب سرد میں پلاویں +

نسخہ (۸) شورہ ———————— ۳- ڈرام

کھانے کا نمک ———————— ایک اونس

سفوف چرائتا ———————— ایک اونس

قند سیاہ ———————— ½ پونڈ

اس نسخہ کو ½ سیر پانی میں ملا کر پلانا چاہئے +

نسخہ (۹) کافور ———————— ۲- ڈرام

شورہ قلمی ———————— ۲- ڈرام

سفوف تخم دھتورا ———————— ایک اونس

شراب دیسی ———————— ایک اونس

پہلے کافور اور شراب کو ملاویں۔ تب اس میں شورہ اور دھتورے کے بیجوں کے سفوف کو ملا کر نصف سیر چاول کی پتلی کانجی میں ملاویں +

اسٹی میولنٹ یعنی مفرحات ومقویات

نسخہ (۱۰) کھانے کا نمک ———— ۶-اونس

سفوف زنجبیل ———— ۴-اونس

چرائتا ———— ۲-اونس

جس بیل کی اشتہا بگڑ جائے اس کو ہر دفعہ کے دانے کے ساتھ اس نسخہ کا ایک اونس دینا چاہئے +

نسخہ (۱۱) سرمہ یا بلیک انٹی منی ———— ۲-اونس

پان موری ———— ۴-اونس

کھانے کا نمک ———— ۴-اونس

بگڑے ہوئے ہاضمہ میں نسخہ بالا کا چوتھائی حصہ ایک دفعہ میں دیں +

نسخہ (۱۲) سفوف زنجبیل ———— ½ اونس

سفوف چرائتا ———— ½ اونس

سفوف کالی مرچ ———— ½ اونس

سفوف اجوائن ———— ½ اونس

کھانے کا نمک ———— ۲-اونس

سب کو اچھے طور پر سفوف کر کے ملا لیں اور چوتھائی حصہ قند سیاہ کے ہمراہ گرم کانجی میں کھلاویں +

نسخہ (۱۳) کھریا مٹی سفوف ———— ۲-اونس

سفوف کتھا ———— ایک اونس

سفوف زنجبیل ———— ایک ڈرام

افیون ———— ایک ڈرام

شراب وہسکی ———— ۲-اونس

پانی ———— ۱½ پاؤ

سب کو اچھے طور پر ملا لیں۔ خوراک ہر دن کے واسطے ایک سے ۲-چھٹانک صبح وشام۔ خوراک

کو ساوں کے واسطے بروں کی خوراک کی دوگنی +

نسخہ (۱۴) شراب وہسکی ———— ½ پائنٹ

سفوف زنجبیل ———— ۲-اونس

کالی مرچ ———— ½ اونس

نصف سیر آب گرم میں پلاویں - چھوٹے اور جوان عمر کے جانور کے واسطے آدھی خوراک کافی ہے +

نسخہ (۱۵) کھانے کا نمک ———— ½ ڈرام

سفوف ہیراکیس ———— ایک اسکروپل

دونو ملا لیں - جس بھیڑی کو راٹ کی بیماری ہو جاوے اس نسخہ کی ایک پوڑیہ بنا کر اس جانور کو ہر روز کھلاویں +

نسخہ (۱۶) ہیراکیس ———— ایک ڈرام

سفوف چرائتا ———— ½ ڈرام

دونو کو ملا لیں یہ نسخہ عمدہ مقوی ہے - اس کو آدھ سیر چاول کی کانجی میں کھلانا چاہیئے +

خارجی استعمال کے واسطے عرق سرد

نسخہ (۱۷) نوشادر و شورہ ہموزن دو نو سیر پانی میں حل کر کے کچلے ہوئے اور موچ کھائے ہوئے مقام پر لگاویں +

انتھل من ٹک یعنی کرم کش

نسخہ (۱۸) ہینگ ———— ½ اونس

سفوف گندھک ———— ۲-اونس

دونو کو آدھ سیر آب گرم میں ملا کر ۵ یا ۶ دن تک ہر روز پلاویں +

نسخہ (۱۹) کھانے کا نمک ———— ۲-اونس

سفوف ہیراکیس ———— ۴-ڈرام

سفوف گندھک ——— ایک اونس

ایک یا دو دفعہ دن کو تین یا چار روز تک پلاویں +

نسخہ (۲۰) روغن تارپین ——— ۲- اونس

روغن السی ——— ۶- اونس

دونو کو خوب ملاکر ایک سیر آب گرم میں پلاویں - اس نسخہ کو دوسرے تیسرے دن دے سکتے ہیں +

نسخہ (۲۱) کھانے کا نمک ——— ½ ڈرام

سفوف ہیرا کسیس ——— ایک اسکروپل

دونو کو ملاکر ایک پڑیہ بناویں - اور جس بھیڑی کو راٹ کی بیماری ہو - اس کو ہر روز کھلا دیا کریں +

نسخہ (۲۲) روغن السی ——— ۲- اونس

روغن تارپین ——— ½ اونس

ملالیں یہ نسخہ کرم کش بھیڑوں کے واسطے موزون ہے +

اسٹرنجنٹ یعنی قابضات

نسخہ (۲۳) سفوف طوطیا ——— ایک سے ۲ ڈرام

پانی ——— ½ سیر

حل کرلیں - گاسے اور بیلوں کے کرانک ڈاریا کے واسطے +

نسخہ (۲۴) سفوف کھریا مٹی ——— ½۱- اونس

پلاس کی گوند یعنی بیوٹیا فرانڈوزا ——— ۲- ڈرام

افیون ——— ایک ڈرام

سفوف چراٹا ——— ۴- ڈرام

سب کو ملاکر خوب طرح سفوف کریں - اور تب اس میں ایک ڈرام شراب دیسی ملاکر گاسے اور بیلوں کو بطور قابض اور دافع ترشی یعنی (انٹاسڈ) کے ایک سیر چاول کی کانجی میں پلاویں +

نسخہ (۲۵) سفیدہ - یعنی کاربونیٹ آف لڈ ——— ایک اسکروپل

سفوف کھریا مٹی ——— ایک اونس

افیون ——— ۲-ڈرام

گائے بیلوں کی پیچش کی بیماری میں اس نسخہ کو گاڑھی کانجی میں ملاکر دن میں دو مرتبہ پلاویں +

نسخہ (۲۶) طوطیا سفوف کیا ہوا ——— ایک سے ۲-اسکروپل تک

پانی ——— ایک پائینٹ

ملالیں یہ نسخہ بھیڑی کے واسطے موزون ہے +

نسخہ (۲۷) سفوف کھریا مٹی ——— ۲-اونس

سفوف کتھا ——— ایک اونس

سفوف زنجبیل ——— ۴-ڈرام

افیون ——— ایک ڈرام

شراب دیسی ——— ۲-اونس

پانی ——— ایک پاؤنڈ

سب کو خوب طرح ملالیں +

خوراک- بڑوں کے ایک سے دو چھٹانک صبح وشام + واسطے گوسالوں کے دُگنی خوراک +

نسخہ (۲۸) سفوف کھریا مٹی ——— ۴-ڈرام

افیون ——— ایک اسکروپل

سفوف ریوند چینی یعنی (روبرب) ——— ۲-ڈرام

سب کو خوب ملالیں- اس نسخہ کو دودھ یا السی کی کانجی میں ملاکر گوسالوں کو پیچش کی بیماری میں دیا کرتے ہیں اور بڑوں کو اس خوراک کا تیسرا حصہ دینا چاہئے +

نسخہ (۲۹) سفوف افیون ——— ۲-گرین

سفوف کھریا مٹی ——— ایک ڈرام

سفوف چرائتا ——— ایک ڈرام

سفوف زنجبیل ——— ایک ڈرام

سب کو ملا لیں۔ بھیڑوں کی اسہال کی بیماری میں اس نسخہ کو ہمراہ خسانده السی کے دینا چاہئے +

باہر لگانے کے لئے

نسخہ (۳۰) سفوف کھریا مٹی ——— ۴۔ اونس

سفوف کوئلہ ——— ایک اونس

سفوف پھٹکڑی ——— ½ اونس

سفوف طوطیا ——— ½ اونس

سب کو ملا کر سفوف بنا لیں۔ گائے بیل اور بھیڑوں کے چھالوں پر جو بالائی کرموں سے پیدا ہوتے ہیں اور زخموں پر اس سفوف کو چھڑکیں +

مرہم طوطیا

نسخہ (۳۱) سفوف طوطیا ——— ایک ڈرام

روغن تارپین ——— ایک ڈرام

روغن السی ——— ۴۔ اونس

موم ——— ۴۔ اونس

پہلے روغن اور موم کو پگھلا لیں۔ تب اُس میں تارپین اور طوطیا ملا کر سارے کو اچھے طور پر گھوٹیں۔ جب تک مرہم سرد ہو جاوے۔ یہ ایک اچھا مرہم ہے۔ بدبودار زخموں کیواسطے +

طوطیا کا عرق واسطے باہر لگانے کے

نسخہ (۳۲) سفوف طوطیا ——— ایک ڈرام

آب گرم ——— ایک پائینٹ

حل کر لیں۔ اس عرق کو سرد لگانا چاہئے۔ زخموں کے خشک کرنے کے واسطے یہ ایک اچھا عرق ہے +

مرہم پھٹکڑی

نسخہ (۳۳) پھٹکری ———————— ایک اونس

روغن السی ———————— ۳ - اونس

موم ———————— ۳ - اونس

روغن تارپین ———————— ½ اونس

عرق پھٹکڑی نمبر ۱

نسخہ (۳۴) پھٹکڑی ———————— ۴ - ڈرام

پانی ———————— ایک کوارٹ

حل کرلیں - یہ عرق زخموں کے خشک کرنے کے لئے اچھا ہے +

عرق پھٹکڑی نمبر ۲

نسخہ (۳۵) پھٹکڑی ———————— ۲ - ڈرام

قند سیاہ ———————— ۴ - اونس

پانی ایک کوارٹ حل کرلیں +

الٹریٹو یعنی مصفی خون

نسخہ (۳۶) مصبر ———————— ۴ - ڈرام

سفوف ہیرا کسیس ———————— ۲ - ڈرام

سفوف زنجبیل ———————— ۲ - ڈرام

سب کو خوب طرح سفوف کرکے اس میں ½۱ چھٹانک گڑ ملا دیں - اور تب اس کو ¼ سیر گرم پتلے چاول کی کانجی میں اچھے طور پر ملا کر شیر گرم پلا دیں - اس نسخہ کو دوسرے تیسرے روز دینا چاہیئے +

نسخہ (۳۷) سفوف گندھک ——— ایک اونس

شورہ ——— ۲- ڈرام

سفوف زنجبیل ——— ½ اونس

اچھی طرح ملالیں- اس کو چاولوں کی کانجی کے ہمراہ ایک یا دو دفعہ دن کو دیں +

نسخہ (۳۸) کھانے کا نمک ——— ۸- ڈرام

ملالیں- یہ نسخہ جانوروں کے لئے مصفی خون ہے- بچھڑوں اور گوسالوں کے واسطے اس کا آٹھواں حصّہ ایک ہلکا مصفی خون ہے- اُن کی غذا یا کانجی کے ہمراہ دینا چاہیئے +

انٹس پازموڈک اور اسٹی میولنٹ

یعنی

دافع تشنج اور مفرحات

نسخہ (۳۹) روغن تارپین ——— ۳- اونس

روغن السی ——— ۳- اونس

گرم کانجی ——— ایک پائنٹ

ملالیں- یہ نسخہ ہووِن کے مرض میں مفید ہے +

نسخہ (۴۰) نوشادر ——— ۲ سے ۳- ڈرام تک

پانی ——— ایک پائنٹ

واسطے ہووِن کی بیماری کے +

نسخہ (۴۱) شراب دیسی ——— ۴ سے ۶- اونس تک

سفوف زنجبیل ——— ½ اونس

سفوف فلفل سیاہ ——— ½ اونس

قند سیاہ ——— ½ پونڈ

سب کو خوب طرح ملاکر ایک سیر گرم پانی میں پلاویں +

نسخہ (۴۲) برگ تمباکو خشک اور سفوف کیا ہُوا ——— ½ اونس

قند سیاہ ——— ۴- اونس

آب گرم ——— ایک پاؤنڈ

ملالیں +

نسخہ (۴۳) دھتورے کے بیج سفوف کئے ہوئے ——— ایک ڈرام

کافور ——— ۲- ڈرام

دیسی شراب ——— ۴- اونس

کافور کو شراب میں حل کرکے اُس میں دھتورا ملاویں - اور اُس کو ایک سیر گرم چاول کی کانجی کے ہمراہ پلاویں +

نسخہ (۴۴) روغن تارپین ——— ۲ سے ۳ ڈرام تک

سرسوں کا تیل ——— ۳- اونس

اچھے طور پر گرم چاول کی کانجی میں پلاویں +

نسخہ (۴۵) روغن السی ——— ایک پائنٹ

افیون ——— ۳- ڈرام

ملالیں - ایک سیر چاول کی کانجی میں ملاویں +

مرہم واسطے مرض مینج

نسخہ (۴۶) روغن القطرہ - روغن تارپین - روغن سرشف یعنی سرسوں تینوں ہم وزن سفوف گندھک جتنے میں مرہم بن جاسکے - دن میں دو یا تین دفعہ - دوسرے دن اس مرہم کی مالش کریں +

نسخہ (۴۷) روغن سرشف ——— ۲ کوارٹ

سینی بار (ہینگول) ——— ایک ڈرام

روغن کو آگ پہ گرم کریں - تب سینی بار کو خوب سفوف کرکے اس میں چھوڑ دیں - اور آنچ

پر خوب ملاتے ہیں +

نسخہ (۴۸) واسطے ٹوٹے سینگ کے۔ ایک ٹکڑہ موٹے کپڑے پر القطرہ بچھا کر ٹوٹے ہوئے سینگ پر لپیٹ دیں +

نسخہ (۴۹) کافور ــــــــــــ ایک حصہ

روغن تارپین ــــــــــــ چوتھائی حصہ

روغن سرسوں ــــــــــــ ۴۔ حصہ

سب کو اچھے طور پر ملا کر زخموں پر لگاویں۔ اگر انگور زیادہ بڑھ جاویں۔ تو ان پر طوطیا لگاویں گاؤں اور بھیڑوں کے زخموں کے واسطے یہ اچھا مرہم ہے +

مالش کا روغن

نسخہ (۵۰) روغن سرسوں۔ روغن تارپین۔ ہر دو ہموزن۔ دونوں کو ملا لیں اور اس کی مالش کریں +

اپس پاس ٹک یعنی آبلہ انگیز

نسخہ (۵۱) تیلنی مکھی ــــــــــــ ایک حصہ

روغن السی ــــــــــــ ۶۔ حصہ

موم ــــــــــــ ۶۔ حصہ

موم کو پگلا کر اس میں السی کا تیل چھوڑ دیں۔ اور تب اس میں مکھیوں کو ملا دیں +

نسخہ (۵۲) جمال گوٹہ ــــــــــــ چوتھائی اونس

سرسوں کا تیل ــــــــــــ ۴۔ اونس

اچھی طرح ملا کر لگاویں +

نسخہ (۵۳) سرسوں سفوف کی ہوئی ــــــــــــ ۲½۔ اونس

روغن تارپین ــــــــــــ نصف اونس

سرسوں کا تیل ــــــــــــ پاؤ بھر

سب کو خوب طرح ملا کر لگاویں +

جوئیں اور کلنے کے واسطے

نسخہ (۵۴) سرسوں کا تیل ———— ایک سیر

سفوف گندھک ———— ۳- اونس

روغن القطرہ ———— ایک اونس

روغن تارپین ———— ½ اونس

ملا لیں- جن مقامات کی جلد پر جوئیں اور کلنیاں ہوں- اُن پر لگاویں +

فومن ٹیشن یعنی تکمید

نسخہ (۵۵) آب گرم میں فلالین یا کمبل کے ٹکڑے بھگو کر چوتھائی یا نصف گھنٹہ سیکیں اور اسبات کی احتیاط رکھیں کہ اُس مقام پر سردی نہ لگ جاوے- بعد ازاں اُس مقام کو سوکھے کپڑوں سے اچھے طور پونچھ کے روغن ذیل کی مالش کریں +

روغن سرسوں- روغن تارپین- دو حصہ دونو کو خوب ملا لیں +

فیومے گے شن یعنی دھونی دینی

نسخہ (۵۶) واسطے گاؤ خانہ کے +

گاؤ خانہ کے دروازہ کو نیم وا رکھ کر ایک لوہے کے چمچہ میں گندھک آگ پر آدھے گھنٹہ یا جتبک اُس کی ہوا سے جانوروں کو کھانسی پیدا نہ ہو جلاویں +

دھونی واسطے ایک جانور کے

نسخہ (۵۷) لوہے کی کڑچھی آگ پر رکھ کر اُس میں گندھک یا القطرہ بیل یا گائے کے سامنے جلاویں- تاکہ جو دھواں پیدا ہو وہ جانور کے سونگھنے میں آوے دھونی دیتے وقت

اسبات کی احتیاط رکھیں کہ گندھک اور القطرہ کے دھوئیں کے ہمراہ جانور باہر کی ہوا سونگھتا جاوے۔ کیونکہ بغیر آمیزش باہر کی ہوا کے جانور اگر صرف گندھک اور القطرہ کی ہوا سونگھیگا تو اس کے مرجانے کا خطرہ ہے +

پولٹس یعنی لپڑی

نسخہ (۵۸) بھوسی آب گرم میں اس طور پر ملاویں۔ جس میں ایک ملائم لئی کے طور بن جاوے اُس کو کپڑے پر بچھا کر سرسوں کے تیل سے چپڑدیں اور تب لگاویں۔ اور اگر زخم نہایت بدبودار ہو۔ تو استعمال سے پہلے اُس پٹی پر کوئلہ کا سفوف چھڑک دیں اور کپڑی اور کوئلہ بار بار بدلیں +

کانجی

السی کی کانجی

نسخہ (۵۹) السی ——————— ایک پاؤنڈ

پانی ——————— ۸۔ کوارٹ

دھیمی آنچ پر جوش دیں اور ایک گھنٹہ تک برابر ہلاتے رہیں۔ اور تب کانجی کو کپڑے سے چھان کر جب سرد ہو جاوے۔ تب اس میں تھوڑا سا نمک ملا کر پلاویں +

چاول کی کانجی

نسخہ (۶۰) چاول ——————— ۲۔ پاؤنڈ

پانی ——————— ۱۰۔ کوارٹ

ڈیڑھ گھنٹہ تک جوش دے کر چھان لیں۔ اور جب سرد ہو جاوے۔ تب اُس میں نمک ملا کر پلاویں +

لکسے ٹو - انیما یعنی ملین حقنہ جات

نسخہ (۶۱) دو سیر آب گرم لے کر اُس میں اتنا صابن ملیں۔ جس میں کف پیدا ہو جاوے۔ تب اس میں ایک یا ڈیڑھ چھٹانک سرسوں کا تیل چھوڑ کر خوب طرح گھونٹ کر ملا ڈالیں۔ تب حقنہ کی اُس نلی کے ذریعے جس کا ذکر کتاب کے شروع میں کیا گیا ہے۔ مقعد کے اندر پچکاری کریں +

نسخہ (۶۲) گرم السی کی کانجی ——— ۴ یا ۶ - کوارٹ

کھانے کا نمک ——— ایک یا دو - اونس

روغن تارپین ——— ایک - اونس

اچھی طرح گھونٹ ملا لیں اور تب اُس کی پچکاری مقعد میں کریں +

اسٹرنجنٹ - انیما یعنی قابض پچکاری

نسخہ (۶۳) گاڑھی چاول کی کانجی ——— ۲ - کوارٹ

افیون ——— ۲ - ڈرام

دونو کو اچھی طرح ملا کر مقعد کے اندر پچکاری کریں +

انتھل من ٹک - انیما یعنی کرم کش پچکاری

نسخہ (۶۴) سرسوں کا تیل ——— ایک کوارٹ

روغن تارپین ——— ایک اونس

گرم کر کے اچھے طور پر ملا کر مقعد کے اندر پچکاری کریں +

ترکیب سیٹن لگانے کی

نسخہ (۶۵) ایک تیز چھری سے جلد کے آرپار پون انچ لمبا ایک شگاف کریں اور اس کے

دو یا تین انچ فاصلہ پر اسی مقدار کا ایک اور شگاف جلد کے آر پار کرکے گھوڑے کی دمچی کے بالوں کو بانٹ کر یا ایک ڈور سوئی میں پہنا کر ایک شگاف کے اندر داخل کریں۔ اور اس سوئی کو جلد کے نیچے گذار کر دوسرے شگاف سے نکال لیں۔ بعد اس کے دوڑ کے دونو کناروں کو مضبوط گرہ سے اس ترکیب سے لگاویں۔ کہ جس میں دونو شگافوں کے درمیان کی جلد نہ دب جائے۔ سٹین کے مقام اور اُس کے گرد کی جلد پر نسخہ نمبر ۴۹ کی پٹی دن میں تین یا چار مرتبہ لگاویں تاکہ مکھیوں سے وہ مقام پھول نہ جاوے اور سٹین کا زخم ہو جاوے +

گلے کی چدر پر جب سٹین لگانا منظور ہو۔ تو یہ آسانی سے اس طور پر لگ سکتا ہے۔ کہ ایک تیز سوئی میں بٹی ہوئی ڈور پھنسا کر چدر کے آر پار داخل کر دیں +

عرق پلانا

ترکیب عرق پلانے کی

نسخہ (۶۶) کسی کو کہیں کہ بیمار جانور کی بائیں طرف کھڑا ہو کر جانور کے سر کو اُس کی پشت کی سطح کے برابر اٹھا رکھے۔ اور جو شخص جانور کو عرق پلانے والا ہو وہ ایسا کرے۔ کہ جانور کے دائیں طرف کھڑا ہو کر اپنے بائیں ہاتھ کی پہلی دو انگلیوں کو بیل کے منہ کے اندر دائیں باچھ کی طرف داخل کر دے اور اپنی جانب کی لب اور گال کو آہستہ سے کھینچ کر جانور کے دہن کو شکل قیف کے کھولدے۔ بعد ازاں جس بوتل میں عرق موجود ہو۔ اس کو باحتیاط اپنے دہنے ہاتھ سے جانور کے منہ کی پھیلی ہوئی جانب کے اندر داخل کرکے اُس عرق کا تھوڑا سا مُنہ کے اندر ڈھال دے اور جانور جب گھونٹ بھرے۔ تب تھوڑا سا اس عرق کا اور بھی مُنہ کے اندر ڈھال دے۔ اسی طور پر تھوڑا کر کے سارے عرق کو پلاوے اور اس بات کو ہمیشہ مدنظر رکھے۔ خاص کر جب جانور کے گلے دکھتے ہوں۔ کہ عرق ہر بار تھوڑا تھوڑا پلایا جاوے۔ اور جب جانور کھانسنے لگے۔ یا کھانسنا چاہے اس وقت دوسرے شخص کو فوراً جانور کا سر چھوڑ دینا چاہیئے۔ تاکہ بیمار اپنے سر کو جھکا کر خوب طرح کھانس لے اور کوئی حصہ

عرق کا اس کی ہوا کی نالی کے اندر داخل ہونے نہ پاوے۔ اگر وہ شخص جانور کے کھانے کے وقت اُس کے سر کو نہ چھوڑ دیگا۔ تو تھوڑا سا عرق اس کی ہوا کی پانی کے اندر گذر جاویگا۔ اور جانور مر جائیگا۔ عرقیات کے پلانے کے لئے کسی دھات کی بوتل بشکل انگریزی شراب کی بوتل کے نہایت اچھی ہے۔ ایسی بوتل ہاتھ نہ آئے۔ تب عام شیشہ کی بوتل کو کام میں لائیں۔ لیکن اسبات کی احتیاط رکھیں۔ کہ جانور شیشہ کو چبا کر دانتوں سے توڑ نہ ڈالے +

تمت

اِلتماس

سنہ ۱۸۹۶ء سے میرا تقرر لکچرار مٹیریا مڈیکا کا ہوا۔ میرے تقرر سے پہلے جناب خان بہادر ڈاکٹر رحیم خاں صاحب آنریری سرجن لکچرار تھے۔ اور اُن کی تصنیف شدہ کتاب اُس وقت رائج تھی۔ چونکہ خانصاحب موصوف کی کتاب دستیاب نہیں ہوتی تھی۔ اس واسطے بندہ نے پروفیسر فنلی ڈن صاحب بہادر کا ترجمہ اُردو میں کر کے مختصر قرابادین حیوانات چھپوائی۔ کیونکہ وہی کتاب تعلیم وٹیرنیری کالج میں داخل تھی۔ نیز سال حال کے شروع میں وٹیرینری کانفرنس انبالہ میں منعقد ہوئی۔ جس میں ٹوسن صاحب بہادر کی کتاب کی سفارش کی گئی۔ چنانچہ اُس کا مختصر ترجمہ مطابق ہدایات وٹیرینری کانفرنس کے میں نے کیا ہے۔ اور کچھ ایزادی بھی ادویات دیسی کی کردی ہے۔ ترکیب اور کیمیائی تفرقہ اور غیر متعلق مضمون چھوڑ دئے ہیں۔ جس سے طلباء کو بہت سی آسانی ہوگئی ہے۔ اگر کوئی صاحب غلطی ملاحظہ فرماویں تو بندہ کو مطلع کریں مشکور ہوگا۔ اور طبع ثانی کے وقت اُس کی صحت ہوجاویگی *

المُلتمس

خان بہادر سیّد امیر شاہ

اِشتہار

یہ کتاب بدونِ دستخط یا مُہرِ بندہ مال مسروقہ سمجھی جاویگی +

مفصلۂ ذیل کتابیں بندہ سے درخواست آنے پر مل سکتی ہیں :—

قرابادین حیوانات ترجمہ فنلی ڈن صاحب کی مٹیریا میڈیکا کا۔	طلباء سے	للعہ / قیمت
مختصر قرابادین حیوانات۔ ترجمہ ٹوسن صاحب بہادر کی کتاب کا	"	عسہ ۸/
وٹیرنیری سرجری طلباء سے للعہ اور دوسروں سے		۶ / ۔
" میڈیسن "	" " "	
کیمسٹری	.. ..	سے /
عمل نعلبندی	.. ..	عسہ
وٹیرنیری ڈائیگرام بابت عمر و عیب و بے عیب نعلبندی و بیرونی اناٹمی		
فی نقشہ معہ روغن کپڑا۔		عسہ
" " " " بلا روغن		عسہ

خریدار جو عسہ۲۰ روپے کی کتابیں ایک دم لیگا۔ اُس کو عسہ۱۰ فیصدی کمیشن دیا جاویگا۔ محصول ڈاک بذمہ خریدار +

درخواست اِس پتہ پر آنی چاہیئے :—

وٹیرنری کالج لاہور۔ سید امیر شاہ خان بہادر

سینئیر اسسٹنٹ سرجن